Date: 25 November -2026
Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵؍نومبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پیپر افشاء ہونے کے معاملات میں 7 تا 10 برس قید، 10 کروڑ جرمانے اور ملزمان کی جائیداد ضبط کرنے کی سفارش۔ سابقتی امتحانات اصلاحات کمیٹی کی دوسری رپورٹ پیش

☆ 100 ؍ویں کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن کی صدارت کے لیئے ڈاکٹر شرن کمار لمبالے کا انتخاب

☆ کثرت خانوں میں غذائیت بخش مصنوعات کی غیر قانونی فروخت وصحت سے متعلق جھوٹے دعوے کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا محکمہ ادویہ و خوراک کا انتباہ

اور

☆ ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز ٹورنامنٹ میں ویبھو سوریہ ونشی کا عالمی ریکارڈ

اب خبریں تفصیل سے

ریاست میں بھرتی اور مسابقتی امتحانات کے نظام میں اصلاحات تجویز کرنے کے لیے تشکیل دی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے اپنی دوسری رپورٹ ریاستی حکومت کو پیش کر دی ہے۔ اس رپورٹ میں قبل از وقت سوالیہ پرچے افشا کرنے کے معاملات میں 7 تا 10 برس قید، کم از کم 10 کروڑ روپے جرمانے اور خاطیوں کی جائیدادیں ضبط کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ امتحانات میں بے ضابطگیوں کے انسداد کے لیے خصوصی ٹاسک فورس قائم کرنے اور تیز رفتار سماعت کے لیے خصوصی عدالتیں شروع کرنے کا بھی سفارش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایم پی ایس سی کے امیدواروں کو امتحانی فیس واپس کرنے۔ جوابی کلید پر درست اعتراضات درج کروانے کی صورت میں فیس کی واپسی۔
امتحانی مراکز کا ایک علیحدہ بینک قائم کرنے اور امتحانی عمل میں ضلع کلکٹروں کے کردار کو مزید بڑھانے کی سفارشات بھی اس رپورٹ میں کی گئی ہیں۔

وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کہا ہے کہ پیپر لیک کے خلاف قانون میں ترمیم کر کے اسے رواں سرمائی اجلاس میں پیش کر کے منظور کروانے کی حکومت کوشش کریگی۔کل ناگپور میں صحیفہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس رپورٹ میں موجودہ قوانین کو مزید سخت کرنے کی سفارش اس کمیٹی نے کی ہے۔

**

پونا میں ہونے والے 100 ویں کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن کی صدارت کے لیے معروف ادیب شرن کمار لمبالے کا انتخاب عمل میں آیا ہے۔کل پونا میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مہاراشٹر ساہتیہ پریشد کے صدر یوگیش سومن نے یہ اعلان کیا۔انھوں نے بتایا کہ 47 کتابوں کے مصنف لمبالے کی ادبی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کا انتخاب مہامنڈل کے ارکان نے مشترکہ طور پر کیا ہے۔ یہ ساہتیہ سمیلن 27 سے 30 جنوری کے دوران یونا یونیورسٹی میں منعقد ہوگا۔

**

گوا میں جاری 57 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں کل معروف ہدایت کار بھال جی پینڈھارکر کی مراٹھی فلم ''سادھی مانسے'' کے ازسرِ نو بحال شدہ ڈیجیٹل ایڈیشن کی نمائش کی گئی اداکار سوریہ کانت مانڈھرے کی صد سالہ یومِ پیدائش کے موقع پر اس خصوصی نمائش کا اہتمام کیا گیا تھا۔

**

سکھ مذہب کے بانی اور پہلے دھرم گرو گرو نانک دیو جی کا یومِ پیدائش کل ملک بھر میں نہایت جوش وخروش سے منایا گیا۔اس خصوص میں پرکاش پرو کے حوالے سے ریاست کے مختلف گردواروں میں دعائیہ اجتماعات۔شبد کیرتن۔مذہبی جلسے اور لنگر کا اہتمام کیا گیا تھا۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں عطیہ خون کیمپ۔طبّی کیمپ اور دیگر سماجی و مذہبی پروگرام منعقد کیے گئے۔اس موقع پر عثمان پورہ گردوارے سے دھاونی محلے کے گردوارے تک ایک جلوس بھی نکالا گیا۔

**

کارتک پورنیما اور دیو دیپاولی بھی کل پورے جوش وخروش سے منائی گئی۔اس موقع پر بیڑ، جالنہ اور پربھنی اضلاع میں بھی مختلف مندروں میں دیپ اتسو اور مختلف پروگرام منعقد کیے گئے۔

**

محکمہ ادویہ وخوراک کے کمشنر تکارام منڈھے نے انتباہ دیا ہے کہ کثرت مرالزیا جمخانوں میں غذائیت بخش مصنوعات کی فروخت اوراور غذائی سپلیمنٹس کی پیکنگ پر صحت سے متعلق مبالغہ آمیز جھوٹے دعوے کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔کل ممبئی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے واضح کیا کہ کسی بھی جیم میں فروخت کے لئے رکھی گئی مصنوعات قانونی ہونی چاہئے۔ان کے خلاف کسی بھی قسم کے جھوٹے دعوے نہ ہوں۔اوران کے پاس فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز اتھاریٹی یعنی FSSAI کے جائز لائسنس ہونا چاہئے۔ ان عام باتوں کی تصدیق کرنا ہول سیل وفروخت کنندگان۔ریٹیل سپلائرز اور جم کے منتظمین کی ذاتی ذمہ داری ہے۔یہ ذمہ داری محض مصنوعات تیار کرنے والی کمپنیوں کی قرار دیکر بری الذمہ نہیں ہوا جاسکتا۔

**

بی جے پی کے رہنما اور راجیہ سبھا کے رکن آنجہانی رام راؤ وڈکتے کی آخری رسومات کل ہنگولی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی۔وہ اتوار کو شدید قلبی حملے میں جانبر نہ ہوسکے تھے۔اُن کی آخری رسومات میں اسمبلی اسپیکر رام شندے۔وزیر محصول چندر شیکھر باون کڑے۔وزیر زراعت دتاتریہ بھرنے سمیت دیگر عوامی نمائندوں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

**

دھاراشیو ضلع میں لاجسٹکس پارک۔دفاعی شعبے کے لیے ضروری سامان وآلات تیار کرنے والی صنعتوں کے علاوہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے والی دیگر صنعتیں قائم کی جائیگی۔وزیر صنعت ادئے منت نے یقین دیا ہے کہ ان صنعتوں کے ذریعے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔وہ کل دھاراشیو میں منعقدہ روزگار میلے سے خطاب کررہے تھے۔اس روزگار میلے میں 50 سے زائد قومی اور بین الاقوامی شہرت یافتہ کمپنیوں نے شرکت کی۔

**

دھاراشیو ضلع میں قحط کے پیشِ نظر مویشیوں کا تحفظ کے لیے گاؤں کی سطح پر منصوبہ بندی کی ہدایت ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار نے دی ہے۔وہ کل مویشی پروری محکمے کے ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔جس میں مویشیوں کے چارہ کیمپ، بھوون چارہ ڈپو قائم کرنے کی منصوبہ بندی۔چارے کی پیداوار میں اضافے۔پانی کی قلت سے متاثرہ دیہاتوں میں مویشیوں کے لیے آبرسانی اور ممکنہ متعدی بیماریوں کی انسداد کے لیے ٹیکہ اندازی مہم جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

دریں اثنا دھاراشیو اور ضلع میں دستیاب پانی کے کفایتی استعمال کے لیے روزمرہ نکلنے والے آلودہ پانی کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانے کا منصوبہ لگایا جائیگا۔شہر سے نکلنے والے آلودہ پانی کو صاف کرکے اسے درختوں کی دیکھ بھال۔باغات۔زراعت اور تعمیراتی کاموں کے لیے استعمال کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل کی پہل پر شروع کئے جانے والے اس منصوبے میں ماڈیولر سیوریج ٹریٹمنٹ ٹیکنالوجی استعمال کی جارہی ہے۔

**

ریاست کی 3 ہزار 832 آنگن واڑیوں کو اسمارٹ آنگن واڑیوں میں تبدیل کرنے کی منظوری محکمہ خواتین واطفال کی جانب سے دی گئی ہے۔ان میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کی 91 آنگن واڑیاں بھی شامل ہیں۔اسمارٹ آنگن واڑی کٹ موصول ہونے کے بعد انہیں متعلقہ مراکز میں تقسیم کیا جائے گا۔یہ اطلاع ضلع پرشید محکمہ خواتین واطفال کی پروگرام افسر ڈاکٹر منگل پانچال نے دی ہے۔

**

راشٹریہ سویم سیوک سنگھ RSS کے سربراہ موہن بھاگوت آج چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کا دورہ کررہے ہیں۔اسی دورے کے دوران وہ آر ایس ایس کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔اورشام میں ڈاکٹر تسنیم پٹیل کی کتاب ''ٹارچرڈ ٹروتھ'' کا اجراء بھی کریں گے۔

**

بھارتی بلے باز ویبھوسوریاونشی بہترین بلے بازی کرتے ہوئے عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔دوحہ میں منعقدہ ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز ٹورنامنٹ میں متحدہ عرب امارات کے خلاف کھیلے گئے ایک میچ میں انھوں نے محض 28 گیندوں پر سنچری اور 52 گیندوں پر ڈبل سنچری مکمل کی۔انھوں نے صرف 53 گیندوں میں 28 چھکوں اور 7 چوکوں کی مدد سے 204 رنوں کی جارحانہ اننگ کھیلی۔اس اننگ کے لیے انھیں مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

**

اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

☆ پیپر افشاء ہونے کے معاملات میں 7 تا 10 برس قید، 10 کروڑ جرمانے اور ملزمان کی جائیداد ضبط کرنے کی سفارش۔سابقہ امتحانات اصلاحات کمیٹی کی دوسری رپورٹ پیش

☆ 100 رویں کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن کی صدارت کے لیئے ڈاکٹر شرن کمار لمبالے کا انتخاب

☆ کثرت خانوں میں غذائیت بخش مصنوعات کی غیر قانونی فروخت وصحت سے متعلق جھوٹے دعوے کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا محکمہ ادویہ و خوراک کا انتباہ

اور

☆ ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز ٹورنامنٹ میں ویبھوسوریہ ونشی کا عالمی ریکارڈ

**

****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔
ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔